AMBAR

جگت پکچرز کا بہترین ونایاب شاندار شاہکار

अम्बर



نرگس۔ راجکپور۔ وغیرہ

قیمت ا

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

ابر کے

لڑکی:۔ دِل کے شیش محل میں آیا ایک متوالا چور ہو
نینا ملا کر نین سے جس نے باندھی پیار کی ڈور

۲۔ لڑکی:۔ خالی گیا نہ حسن کی پہلی نظر کا وار
ایسے چلائے تیر کہ دل کر لیا شکار۔ ملے ہیں دل سے دل
ملنے کی صورت ہو تو ایسی ہو۔ کوئی جانے نہ پہچانے محبت ہو تو ایسی ہو۔

۱۔ لڑکی:۔ چندا کی کیاری سے اُڑ کر آیا ایک چکور
نین ملا کر نین سے جس نے باندھی پیار کی ڈور

۲۔ لڑکی:۔ لاکھوں میں خوش نصیب وہی ہے جہان میں
مہمان بنکے آئے جو دل کے مکان میں۔ جلیں ایک آگ میں دونوں
حالت ہو تو ایسی ہو۔

چھم چھم کرتی آئی دلہنیا اپنے پیا کی اور۔ نینا ملا کے نین سے جس نے۔۔۔۔

راج نمبر ۲

چرا کر دل کو یوں آنکھیں چرانا کس سے سیکھا ہے
ذرا سی بات پر یوں روٹھ جانا کس سے سیکھا ہے
چلے جانا تم بڑے شوق سے حضور۔ ہائے میرا دل مجھے واپس کر دو۔
میرے دل کو چرا کر جاؤ گے۔ تو جا نہیں پاؤ گے
چوری چوری گئے بھی تو پھر یہیں آؤ گے۔
دل دیکے جدائی مجھے نہیں منظور ہائے۔ میرا دل مجھے واپس کر دو۔
ہو ذرا کہہ دو یہ ترچھی نظر سے کہ ہم کو ستائے نہ
میں ہوں کوئی غیر تو یہ چھیڑنے مجھے بھائے نہ

میں نے پریت لگائی ہوا مجھ سے قصور ہے. میرا دل بے مجھے...

نمبر ۳

راج:۔ شمع جلی پروانہ آیا. پیار کی آگ میں جل جانے کو آج کوئی دیوانہ آیا
امبر:۔ شمع جلی پروانہ آیا.
آنکھ سے نہ نکلے خوشی کے آنسو زباں پہ اک افسانہ آیا
راج:۔ دنیا میں دو دل والوں کا مل کے بچھڑنا کھیل نہیں ہے
امبر:۔ جیون بھر کا سنگ ہے اپنا. چار دنوں کا میل نہیں ہے
راج:۔ لوٹ کے پھر محفل میں تیری مستانہ آیا.
امبر:۔ ہم بھی جلے پروانہ بنکر ہم کو سکھا دو اپنی ادائیں
راج:۔ تم کیا جانو آگ پرائی. ہو نہ سکیں گی تم سے وفائیں
امبر:۔ ہم نے جو پھونکا تن من اپنا. جبھی تمہیں جل جانا آیا.
شمع جلی ......

نمبر ۴

کورس:۔
ارے یا ما چھم چکور . گگو:۔ روتے ہیں نیناں غم کے مارے
دیکھ رہی ہوں دن میں تارے. چھم چکور
بچپن سے پنجرے میں ڈالی ہیں پنچھی مجبور.
من بالم کے پاس ہے میرا. تن بالم سے دور
آجاؤ آجا پریتم پیارے. چھوڑ دے آج زمانے سارے. چھم چکور
راج:۔ مجھ گوری من تیرا. ہیم پھر پھر جھنا.
کورس:۔ رنگ لائی ہے بہار رنگ لائی ہے. پیا کو سنگ لائی ہے
گگو:۔ ناچو بنیاں گئے ڈال ڈال. گگو جی پھر تجھی کا خیال

آئے آئے دل والے سکھی ٹوٹ گیا جال۔ بولو چھم چکور
راج:- میں بن کے بھونچال۔ کردوں سب کو نہال
میرے سامنے جو آئے۔ بھلا کس کی مجال۔ بولو چھم چکور
بیمو:- میں بھی پیرے گیارہ سال۔ رہا جل کے نینی تال
میں جو لائی ایک جھانجن۔ اُڑے تمہری بال۔ بولو چھم چکور
چلی آج وہ پون گیا جیا ڈگمگ ڈول
راج:- لگی دل میں جو آگ، وہی آج بنی پھول
بیمو:- گڈ گڈ دھا۔ گڈ گڈ دھاک تگیہ بھول
چھم چکور......

ہمیر:- نمبر ۵

ٹوٹے گی نہ پیار کی ڈور۔ دنیا چاہے لگالے زور
دل کی بات بتاؤں بالم دل کی بات بتاؤں
تیری محبت میری جوانی پل پل کے چھلکا ئیں مستی
جگمگ ہے دھرتی کا آنچل۔ جھلمل ہے آکاش کی بستی
تو ہے چاند میں ہوں چکور۔ منزل اپنی گگن کی اور
تیرے پاس میں آؤں بالم دل کی بات بتاؤں
جھوم رہی ہیں مست اُمنگیں۔ دل کو ملا ہے دل کا سہارا
تو دیوانہ میں ہوں دیوانی۔ کوئی نہ جانے بھید ہمارا
تو ہے میرے من کا مور۔ سُن لو میرے دل کے چور
جیون تجھ پہ لٹاؤں بالم دل کی بات بتاؤں
ٹوٹے گی نہ پیار کی ڈور......

نمبر ۶

راج :- ہم تم یہ بہار۔ دیکھو رنگ لایا پیار۔ برسات کے مہینے میں
امبر :- رم جھم پھوہار۔ دل گائے رے ملہار۔ اِک آگ لئے سینے میں
راج :- تیری زُلفوں کی یہ رنگت ہے جو بادل بن کے چھائی ہے
امبر :- تیری آنکھوں میں یہ مستی ہے۔ جو ساون بنکے آئی ہے
راج :- میرا دم جب تک۔ رہے پیار کی چمک۔ میرے دل کے نگینے میں
امبر :- دُنیا کو ہماری ہو نہ خبر۔ آنکھوں میں اشارے ہو جائیں
راج :- اُلفت کا چلے ایسا جادو۔ دُشمن بھی ہمارے ہو جائیں
امبر :- تم دل سے ہو دُور۔ نہ ہو کوئی مجبور۔ پھر آئے مزہ جینے میں

نمبر ۷

امبر :-

ہم پیار تم سے کرتے ہیں۔ نادان بلم تم کیا جانو
تم چھوٹ گئے دل ٹوٹ گیا۔ پایا ہے جو غم تم کیا جانو
جب ہمکو بنایا کیوں اپنا۔ کیوں حال نہ دل کا جان سکے
اِک پھول چُنا اور پھینک دیا۔ خوشبو بھی نہیں پہچان سکے
ٹھکرا دیا میری اُلفت کو اپنی قسمت تم کیا جانو
مٹ جائے محبت کی دُنیا۔ یہ بات کوئی آسان نہیں
ارمان بھرا یہ دل میرا۔ نازک ہے مگر نادان نہیں
تم پھیر لو ہم سے لاکھ نظر۔ بدلیں گے نہ ہم تم کیا جانو۔ ہم پیار۔۔

نمبر ۸

امبر :-

دل دیکے صنم۔ تمہیں پچھتائے ہم
مل گیا تم ہی غم۔ اور خوشی نہ ملی

جہاں ہم اور تم۔ مل کے ہو جائیں گم۔ وہ محبت بھری زندگی نہ ملی
دل ناحق محبت کا جوش آ گیا۔ بیوفا تجھکو پایا تو ہوش آ گیا
میری قسمت میں تھا۔ اندھیرا لکھا۔ چندا تو ملگیا چاندنی نہ ملی
غم کے بادل ہیں اس دل پہ چھائے ہوئے
میری آنکھوں میں آنسو ہیں آئے ہوئے
مجھے دھوکا دیا۔ زندگی نے یہ کیا۔ اشک تو مل گئے اور ہنسی نہ ملی۔

نمبر ۹

آمبر:۔ دنیا میں نہیں کوئی یار وفادار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
یہاں کرنا کسی سے پیار۔ یہ بیکار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
راج:۔ دکھ درد کا ہے بازار۔ یہ سنسار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
ملتا ہے دشوار۔ دل کو قرار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
آمبر:۔ کر گئے وہ بھی ہم سے کنارا۔ جس کو سمایا من میں
پیار کی بازی جیت سکا ہے۔ کوئی نہ اس جیون میں
ہوتی ہے یہاں ہر بار۔ دل کی ہار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
راج:۔ قسمت نے مجبور بنا کر چھین لیا سکھ ہم سے
کایا کی اس قید میں آ کر کون بچا ہے غم سے
چلتے ہیں یہاں پروار۔ من کے ہزار۔ زمانہ سچ کہتا ہے
کورس:۔

نمبر ۱۰

دھوم دھڑکا۔ دھوم دھڑکا
جھلمل دھوم دھڑکا۔ لو لو مل مل دھوم دھڑکا
ببجو:۔ اٹین چٹین دہی چٹاخہ۔ ٹماٹ لوٹا سے آیا میں نیکر دھوم دھڑکا

لایا ہوں صندوق۔ میں بھر کے نیولا کی بندوق
ہنسی میں رنگ روپ کے چھتے۔ ناچیں جنگ تاش کے پتے
اکڑ بکڑ لوہے کی ٹکڑ۔ لال بجھکڑ۔ چل بکلتے دو رنگی تگی چلی چوکا
نلچے پنجا تھکا۔ دھوم.....

(پتے) میرا نام ہے دگا۔ میں ناچوں ٹگی ٹگی ٹگی۔
میں ہوں ترنگی۔ گھر ہے میرا تبلی کے پچھواڑے پہ
میں تیجا ہوں کنکوا۔ لکھنؤ کے چوراہے پہ
میں پنجا پنجاب کا ہوں، چنچیو کلی کا چوکا۔ دھوم دھڑکا....
چھکو:۔ ستا اٹھا دہلا ناچے جیسے چکا۔ دھوم دھڑکا۔
ستا:۔ میرا نام ہے ستا۔ میں کھاؤں چھالی چونہ کتھا
میں آٹھا ہوں بالزنل کا راج گڑو کا بیٹھا ہوں
میں ایک نہلا ماں کا چھیلا پالن پور کا رہتا ہوں
ستے اٹھے نہلے گئے۔ دہلا ہوں میں پکا۔ دھوم دھڑکا...
تیمیہ:۔ محل میں اک دربار لگیگا دیکھی دھوم دھڑکا....
غلام:۔ باادب ملاحظہ ہوشیار حکم کا غلام
دیکھو لایا ہوں پیغام۔ رانی کی سواری آتی ہے۔
سنگ راجکماری آتی ہے

راج:۔ خاموش رہ کر مجھ اس تجھے اس محل میں رہنا ہوگا
پیاری ہے تجھے گر جان تو ہمکو پریتم کہنا ہوگا
کوئی ہے... لیجاؤ اس ناگن کو دیدو کسی کنوئیں میں دھکا۔
راج:۔ اگڑم بگڑم بی بی مٹا خبردار

میری پیاری رانی کو جو کوئی ہاتھ لگائے گا
تو وہی وہی منہ کی کھائے گا۔ اور اپنی جان گنوائے گا
بمبک میں آیا ہوں۔ لیکر جھوم جھلا کا
سیجے کمپل کو چھوٹا کردوں میرا ہاتھ ہے پکا۔ دھوم....
بھیمو:۔ الکن چھتن دہی چتاخہ
جا جا جا اس راج میں تیرا چل نہ سکے گا سکہ
راج:۔ جان سکے تو جان لے جہگر میں ہوں طرف کا یکہ
بھیمو:۔ میری طاقت دیکھ۔ میں چوہے کو بنا دوں نہلا
راج:۔ میرا الو ہامان بچے کو بنا دوں دہلا
بھیمو:۔ [illegible] تو ڈر [illegible] تے کا رعب دکھا دوں
راج:۔ میں چاہوں تو راجہ کو چڑیا کا غلام بنا دوں،
بھیمو:۔ اتھن ختمن دہی [illegible] خہ ٹمبک ٹو سے آیا ہوں میں
راج:۔ اگڑم بگڑم بنی مناخہ۔ بمبوبک سے آیا ہوں میں
بھیمو:۔ میرے حکم سے سو جو یتہ راج محل سے ٹپ کٹ
راج:۔ میرے حکم سے ناچے یتہ تاک دھین دھین بمبوبک
بھیمو:۔ اگر با بگڑ لوہے کی ٹکر۔ لال بجکڑ چلے کلکتے
راج:۔ ستہتر اونٹ بہتر ہاتھی لادے بادل پتے
دونوں:۔ دی مناخہ دہی چتاخہ مار پٹاخہ

(ختم شد)

(اچھرو دسی پریس دہلی)